کلونجی کے فوائد
www.iqbalkalmati.blogspot.com
مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

کلونجی جس کے بارے میں ارشاد نبوی ﷺ ہے "سیاہ دانہ (کلونجی) میں موت کے سوا ہر بیماری کے لیے شفاء ہے"

مندرجہ بالا حدیث مبارکہ سے کلونجی (Nigella sativa) کی افادیت کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔ مرحبا لیبارٹریز میں جو کہ خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہے، عوام الناس کی خدمت کے لیے کلونجی کا تیل نکال کر حفظانِ صحت کے اصولوں کے عین مطابق پیک کیا جاتا ہے۔ تیل نکالنے سے لے کر پیکنگ تک تمام مراحل پر کوالٹی چیک کی جاتی ہے۔ تاکہ تیل کا اعلٰی معیار برقرار رہے۔ مرحبا کلونجی آئل خالص کلونجی سے نکالا جاتا ہے جو کہ ہر طرح کی ملاوٹ سے پاک ہونے کی وجہ سے بہت جلد ہر دلعزیزی کی سطح پر آ گیا ہے اور آج اس سے ہزاروں لوگ استفادہ کر رہے ہیں۔

کلونجی آئل (Black cumin Oil) ایک ایسا تیل ہے جس میں ایسے اجزاء پائے جاتے ہیں جو حقیقی معنوں میں اسے ایک باکمال دوا بنا دیتے ہیں جیسا کہ رال دار مادے کاروٹین، نگیلین، ٹے نین، سیاپونین، تامیاتی تیزاب، گلوکوز وغیرہ۔

استعمالات و خوراک:

مرحبا روغن کلونجی کی عمومی خوراک صبح ناشتے سے پہلے آدھا چمچہ (2.5 ml) اور رات کو سونے سے پہلے آدھا چمچہ (2.5 ml) ہے۔ مرحبا روغن کلونجی بے شمار امراض میں مفید ہے۔ جن میں کھانسی، نزلہ، دمہ، مرگی، رعشہ، فالج، قولنج، ضعف اعصاب، ضعف دماغ، پیٹ کے درد، نسیان، نفخ شکم، خواتین کی عوارض چند ایک مثالیں ہیں۔ ذیل میں ان امراض اور مرحبا روغن کلونجی کا تفصیلاً استعمال درج ہے۔

۱۔ گرتے اور کمزور بال:

مرحبا روغن کلونجی سر پر لگائیں۔ یہ نہ صرف گرتے بالوں کو روکتا ہے بلکہ انھیں مضبوط، سیاہ اور چمکدار بھی بناتا ہے۔

۲۔ جلد کی شادابی اور چہرے کے حسن کے لیے:

پانی میں کیرو شامل کر کے ۶ قطرے مرحبا روغن کلونجی ملائیں اور چہرے، گردن اور ہاتھوں پر ملیں۔ جبکہ صبح کو لیموں اور مرحبا روغن کلونجی مکس کر کے چہرے اور ہاتھوں کی مالش کریں۔ بعد میں نیم گرم (Lukewarm) پانی سے دھو لیں۔

۳۔ امراضِ کان:

کان کے درد میں ایک قطرہ مرحبا روغن کلونجی کان میں ڈالیں۔

۴۔ جوڑوں کا درد:

نیم گرم مرحبا روغن کلونجی متاثرہ جوڑوں پہ مالش کریں۔ ساتھ عموی خوراک جاری رکھیں۔

۵۔ بواسیر:

مرحبا مہندی ۵۰ گرام کو ۲۵۰ ملی لیٹر مرحبا روغن زیتون میں ملا کر ۵ منٹ کے لیے ابال لیں۔ صبح اور رات کو سونے سے قبل ۴ قطرے مرحبا روغن کلونجی ملا کر روئی کی مدد سے یہ دوائی بواسیری مسوں پر لگائیں اور صبح کو پانچ دانے انجیر کے ہمراہ ۱۲ قطرے مرحبا روغن کلونجی کے کھالیں۔

۶۔ دماغی امراض و اعصابی کمزوری:

دماغی و اعصابی تناؤ جسمانی و اعصابی کمزوری میں ۷ قطرے مرحبا شہد یا کسی شربت میں ملا کر پیئیں۔

۷۔ قوت حافظہ کے لیے:

تقریباً ۲۵ گرام پودینہ اُبال کر ایک چمچ مرحبا شہد اور ۱۲ قطرے مرحبا روغن کلونجی ملا کر نیم گرم حالت میں نوش فرمائیں۔

۸۔ قوت باہ کے لیے:

مرحبا روغن کلونجی ۷ قطرے ہمراہ مرحبا شہد یا شربت کے پیئیں۔

۹۔ پیشاب کی جلن:

۲۵۰ ملی لیٹر دودھ میں ۸ قطرے مرحبا روغن کلونجی اور ایک چمچ مرحبا شہد ملا کر پئیں۔

۱۰۔ سر درد اور چکر:

سر درد اور چکرانے کی صورت میں ۷ قطرے مرحبا روغن کلونجی دہی کے ساتھ دن میں تین دفعہ کھائیں۔ اور درد کی جگہ پر روغن کلونجی کی مالش کریں۔

۱۱۔ کاہلی اور کمزوری:

صبح خالی پیٹ مالٹے کے جوس میں مرحبا روغن کلونجی ۱۲ قطرے ملا کر پئیں۔

۱۲۔ گنج اور بالخورہ.

ادرک کا پانی ہموزن سرکہ میں ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں اور سونے سے قبل کلونجی کے بیج کو پیس کر مرحبا روغن کلونجی میں ملائیں اور متاثرہ جگہ پر لیپ کریں۔

۱۳۔ سرطان:

گاجر کے جوس میں آدھا چمچ مرحبا روغن کلونجی ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں اور یہ علاج تین ماہ تک جاری رکھیں۔

۱۴۔ دمہ:

ناشتہ سے پہلے اور سوتے وقت نیم گرم دودھ میں آدھا چمچ (۲،۵ ملی لیٹر) مرحبا روغن کلونجی ملا کر پئیں اور ابلتے پانی میں ایک کھانے کا چمچ مرحبا روغن کلونجی ملا کر دن میں دو مرتبہ اس کی بھاپ لیں گلے اور سینہ پر مرحبا روغن کلونجی سے دن میں تین بار مالش کریں۔

۱۵۔ ایگزیما:

۱۰ گرام کلونجی، ۱۰ گرام قسط شیریں، ۱۰ گرام سنا مکی، ۲۵ گرام مہندی کے پتے،

۵۰۰ ملی لیٹر سرکہ میں پانچ منٹ ابال کر چھان لیں۔ اب اس لوشن کو مرحبا روغن کلونجی میں ملا کر دن میں دو مرتبہ لگائیں ساتھ ہی خالص مرحبا شہد ایک چمچ ہمراہ ۱۰ قطرے مرحبا روغن کلونجی کھائیں۔

۱۶۔ گلے کی تکلیف میں:

گلے کی تکلیف کے لیے چند قطرے مرحبا روغن کلونجی کے نیم گرم پانی میں ڈال کر غرارے کریں۔

۱۷۔ کھٹی ڈکاریں اور بدہضمی:

ایک گلاس گرم دودھ میں ایک چمچ مرحبا شہد اور آدھا چمچ مرحبا روغن کلونجی ملا کر پئیں۔

۱۸۔ چنبل داد:

متاثرہ جگہ پر مرحبا روغن کلونجی سے دن میں تین بار مالش کریں۔ شفاء کے حصول تک علاج جاری رکھیں۔

۱۹۔ تلی کا بڑھنا:

سبز کریلے کو کوٹ کر پانی نکالیں اور ۲۵ ملی لیٹر پانی میں ۵ قطرے مرحبا روغن کلونجی کے ہمراہ نوش فرمائیں۔

۲۰۔ گردن توڑ بخار:

خشک کلونجی کو جلا کر دھونی لیں اور ساتھ آدھا چمچ مرحبا روغن کلونجی ہمراہ لیموں کے رس صبح وشام مریض کو دیں۔

۲۱۔ یرقان:

۲۵۰ ملی لیٹر پانی میں ۲۵ گرام مہندی کے پتے اور ۲۵ دانے کلونجی کے رات کو بھگو دیں۔ صبح کو چھان کر حاصل شدہ پانی میں ایک چمچ مرحبا شہد اور آدھا چمچ مرحبا روغن کلونجی ملا کر کے مریض کو پلائیں۔ علاج پندرہ روز جاری رکھیں۔

۲۲۔ نکسیر پھوٹنا:

ایک صاف کاغذ کو جلا کر اس کی راکھ میں دو قطرے مرحبا روغن کلونجی ملا کر ناک میں ڈالیں جس سے نکسیر رک جائے گی۔

۲۳۔ معیادی بخار:

اجوائن دیسی ۱۲ گرام ۵۰۰ ملی لیٹر پانی میں رات بھر کے لیے بھگو دیں۔ صبح پانی صاف کر کے ۱۰ قطرے مرحبا روغن کلونجی کے ساتھ پی لیں۔ سات آٹھ روز میں افاقہ ہو جائے گا۔

۲۴۔ ہیضہ:

سونف ۳ گرام، پودینہ ۳ گرام، دار چینی ۲ گرام، نمک خوردنی ۵،۲ گرام، الائچی خورد ۶ عدد لے کر چائے کی طرح ایک لیٹر پانی میں تیار کریں۔ اور ایک وقت میں تقریباً ۱۰۰ ملی لیٹر ہمراہ ۵ قطرے مرجبا روغن کلونجی کے ہر دو گھنٹے بعد پئیں۔

۲۵۔ قبض:

سنا مکی آدھا چمچ اور مرجبا روغن کلونجی آدھا چمچ گرم دودھ میں ملا کر رات کو سونے سے پہلے پئیں۔

۲۶۔ ہچکی:

آدھا چمچ مرحبا روغن کلونجی اور ۱۲ دانے کلونجی مکھن میں ملا کر کھائیں۔

۲۷۔ رعشہ:

آدھے ابلے ہوئے دو عدد انڈے صبح کو کھائیں (بلند فشار خون کے مریض انڈوں کا استعمال نہ کریں) مرحبا روغن کلونجی کا ایک قطرہ دائیں نتھنے میں ڈالیں اور اگلے دن ایک قطرہ بائیں نتھنے میں ڈالیں اور روزانہ ۱۰ قطرے مرحبا روغن کلونجی مرحبا شہد میں ملا کر پئیں

۲۸۔ مرگی:

مرحبا روغن کلونجی ایک قطرہ دائیں نتھنے میں اور ایک قطرہ بائیں نتھنے میں ڈالیں اور دس قطرے مرحبا روغن کلونجی روزانہ ہمراہ مرحبا شہد استعمال کریں۔

۲۹۔ آدھے سر کا درد:

کن پٹی اور سر کے متاثرہ حصے پر مرحبا روغن کلونجی سے مالش کریں۔ آدھا چمچ مرحبا روغن کلونجی مرحبا شہد میں ملا کر پئیں۔

۳۰۔ شوگر :

کلونجی کے بیج ۱۲ گرام، کاسنی کے بیج ۶ گرام، میتھی کے بیج ۶ گرام ہر ایک کو پیس لیں اور اس میں سے ۳ گرام صبح اور ۳ گرام شام کو ہمراہ ۵ قطرے موجبا روغن کلونجی کے استعمال کریں جب کہ ہر تیسرے دن ایک کپ کریلے کا پانی پئیں۔

۳۱۔ دانتوں کا میل :

نمک لاہوری کو آگ میں جلا کر باریک پیس لیں۔ اس میں چند قطرے موجبا روغن کلونجی اور چند قطرے سرسوں کا تیل ملا کر دانتوں پر ملیں۔

۳۲۔ متلی اور قے :

خالص پھلوں کا سرکہ ۱۰۰ گرام، چینی ۲۰۰ گرام میں موجبا روغن کلونجی کے ۷ قطرے ملا کر تھوڑا سا چاٹیں۔

۳۳۔ ریاح اور گیس کی تکلیف میں :

دیسی اجوائن ۶۰ گرام میں ۱۰ قطرے موجبا روغن کلونجی ملا کر لیموں کے رس میں ڈبو دیں۔ بعد ازاں دھوپ میں خشک کریں اور اس میں ۱۰ گرام کالا نمک پیس کر رکھ لیں۔ ایک سے دو گرام صبح و شام کھائیں۔

۳۴۔ آنکھوں کا موتیا:

موتیے کے ابتدائی دنوں میں مرحبا روغن کلونجی ایک قطرہ روزانہ آنکھوں میں ڈالنے سے افاقہ ہوتا ہے۔

۳۵۔ کان کا بہنا اور بہرہ پن:

مرحبا روغن کلونجی، روغن سرسوں اور روغن رتن جوت ہم وزن مکس کر کے ایک قطرہ دن میں دو بار کان میں ڈالیں

۳۶۔ سکری:

کلونجی کے بیج ۳۰ گرام کاسنی کے پتے ۲۰ گرام، مہندی کے پتے ۳۰ گرام کو ۵۰۰ گرام خالص سرکہ میں دس منٹ ابال کر چھان لیں۔ اس لوشن کو ایک دن چھوڑ کر مرحبا روغن کلونجی میں ملا کر لگائیں۔

۳۷۔ پیشاب کی کمی:

۲۵ گرام مکی کے بھٹے کا بال پانی میں جوش دے کر اس میں ۱۰ قطرے مرحبا روغن کلونجی شامل کر کے استعمال کریں۔

۳۸۔ معدہ کی جلن، تیزابیت اور معدہ کے زخم کے لیے:

۱۲۵ گرام مرحبا شہد میں مرحبا روغن کلونجی ۱۰ قطرے شامل کرکے استعمال کریں۔

۳۹۔ آنکھوں کی بیماریوں میں:

۱۲۵ گرام شہد میں مرحبا روغن کلونجی ۱۰ قطرے اور انار کا خشک شدہ چھلکا ۳۰ گرام ملا کر اس میں سے ایک چمچ روزانہ دودھ کے ساتھ پییں۔

سونے سے پہلے آنکھوں کے پپوٹوں پر مرحبا روغن کلونجی کی مالش کریں اور گاجر کے جوس میں آدھا چمچ مرحبا روغن کلونجی دن میں دو مرتبہ استعمال کریں۔

۴۰۔ پیچش:

مرحبا چھلکا اسپغول ۱۲ گرام کو ۲۵۰ گرام دہی میں ملائیں اور ۵ قطرے مرحبا روغن کلونجی شامل کرکے دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔

۴۱۔ سفید بالوں کے صحت و تندرستی کیلیے:

مرحبا روغن کلونجی، ناریل اور نیم کے تیل کو ہم وزن ملا کر روزانہ بالوں پر لگائیں۔

۴۲۔ جنسی کمزوری :

کلونجی، قسط شیریں اور حب الرشاد کے دانوں کو ہم وزن ملا کر رکھیں۔ رات کے وقت ۶ گرام ہمراہ دو قطرے مرحبا روغن کلونجی ایک بڑا چمچ مرحبا شہد ایک گلاس دودھ میں ملا کر پی لیں۔

۴۳۔ موٹاپے :

روزانہ ۳ عدد لیموں ۲۵۰ ملی لیٹر پانی میں صبح، دوپہر، شام ۴ قطرے مرحبا روغن کلونجی ملا کر پی لیں۔ کھانا بھوک رکھ کر کھائیں اور کھانوں کے درمیان کھانے کی عادت (Inbetween Meals) کو ختم کریں۔

(گردے کے مریض یہ علاج نہ کریں)

۴۴۔ برص :

کلونجی کے دانے ۵۰ گرام اور حب الرشاد ۵۰ گرام پیس کر سفوف بنا لیں۔ صبح و شام کھانے کے بعد ۲ گرام سفوف ایک قطرہ مرحبا روغن کلونجی میں ملا کر کھائیں جبکہ اتنی ہی مقدار میں سفوف ۱۰۰ گرام کو ۹۰۰ گرام سرکہ اور ۱۰

گرام مہندی کے ساتھ دس منٹ کے لیے ابال لیں۔ صبح و شام مرحبا روغن کلونجی کے ہمراہ برص کے نشان پر لگائیں۔

۴۵۔ تقویت معدہ کے لیے:

ایک گرام نمک ۱۰ قطرے مرحبا روغن کلونجی میں شامل کر کے آدھے گلاس نیم گرم دودھ سے پئیں۔

۴۶۔ پیٹ کے کیڑے:

ایک ایک گرام سیاہ مرچ، زیرہ اور نمک کو ۲۵۰ ملی لیٹر سیب کے رس میں ملا کر اس میں ۱۰ قطرے مرحبا روغن کلونجی شامل کر کے پئیں۔

۴۷۔ ضعف جگر:

کلونجی کے ۲۰ عدد دانے پیس کر اس میں ۶ قطرے مرحبا روغن کلونجی اور ۱۲ قطرے خالص سرکہ ملا کر ایک چوتھائی پانی کے ہمراہ پئیں۔

دیسی اجوائین ۱۲ گرام صبح کو مٹی کے پیالے میں بھگو کر ۲۴ گھنٹے کے لیے سائے میں رکھ چھوڑیں۔ اگلے دن چھان کر ۶ قطرے مرحبا روغن کلونجی شامل کر کے پئیں۔

۴۸۔ استسقاء (پیٹ میں پانی پڑنا)

سبز کریلے کو کوٹ کر ۶۰ گرام پانی نکال لیں۔ اس میں ۲۵ گرام مرحبا شہد اور ۱۰ قطرے مرحبا روغن کلونجی ملا کر روزانہ پیئیں۔

۴۹۔ بلند فشار خون:

بلند فشار خون اور دل کی صحت کے لئے آدھا چمچ مرحبا روغن کلونجی کسی شربت کے ساتھ روزانہ پیئیں۔

۵۰۔ پیٹ کے لیے ٹانک:

ایک گلاس سیب کے جوس میں فلفل سیاہ، زیرہ سیاہ اور نمک سفید تینوں کے ایک ایک گرام حل کریں اور اس میں ۱۰ قطرے مرحبا روغن کلونجی ڈال کر پیئیں۔

الغرض جوں جوں اس دوائی پر ریسرچ ہو رہی ہے اس کے نت نئے فائدے سامنے آ رہے ہیں۔ بلاشبہ کلونجی موت کے سوا تمام بیماریوں کے لیے شفاء ہے۔

ہدایات:

- بچوں کی پہنچ سے دور ٹھنڈی خشک اور تاریک جگہ پر رکھیں۔
- حاملہ خواتین روغن کلونجی استعمال نہ کریں۔
- علامات برقرار رہیں تو معالج سے رجوع کریں۔